# نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کے مشاغل

تصنیف لطیف

مفسرِ اعظم پاکستان شیخ الحدیث والقرآن

حضرت علامہ مولانا محمد فیض احمد اویسی رضوی

باہتمام:

الحاج محمد احمد قادری اویسی

ناشر

ادارہ تالیفاتِ اویسیہ

محکم الدین سیرانی روڈ، سیرانی مسجد بہاولپور

0321-6820890

0300-6830592

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ ﷺ

# نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کے مشاغل


## مصنف

مفسر اعظم پاکستان

حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ العالی



## ناشر

ادارہ تالیفات اویسیہ اسلامی کتب کا مرکز

محکم دین سیرانی روڈ نزد سیرانی مسجد بہاولپور

رابطہ: 0321-6820890

0300-6830592

نام کتاب: نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کے مشاغل

مصنف: جلال الملۃ والدین خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ واضافات: شیخ القرآن والحدیث حضرت علامہ الحافظ مولانا محمد فیض احمد اویسی رضوی دامت برکاتہم العالیہ

باہتمام: الحاج محمد احمد قادری اویسی باب المدینہ

اشاعت: ذیقعدہ ۱۴۲۸ھ، نومبر ۲۰۰۷ء

صفحات: 48

قیمت: [redacted]

کمپوزنگ: ﴿محمد خورشید مختار اویسی﴾

پروف ریڈنگ: ﴿محمد نوید مختار اویسی﴾

## ناشر

## ادارہ تالیفات اویسیہ اسلامی کتب کا مرکز

محکم دین سیرانی روڈ نزد سیرانی مسجد بہاول پور

رابطہ: 0321-6820890

0300-6830592




# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | سوال | ۵ |
| ۲ | جواب | ۷ |
| ۳ | عیسیٰ علیہ السلام کے احکام صادر کرنے کے طریقے | ۱۱ |
| ۴ | طریقہ اول | ۱۱ |
| ۵ | صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فضیلت | ۱۵ |
| ۶ | عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی فضیلت | ۱۵ |
| ۷ | غزوہ صفین کا ذکر | ۱۶ |
| ۸ | فضیلت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ | ۱۶ |
| ۹ | امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی قرآن فہمی | ۱۸ |
| ۱۰ | طریقہ دوم | ۲۰ |
| ۱۱ | رسول اللہ ﷺ کی قرآن دانی | ۲۰ |
| ۱۲ | طریقہ سوئم | ۲۴ |
| ۱۳ | طریقہ چہارم | ۲۵ |
| ۱۴ | طریقہ پنجم | ۲۷ |
| ۱۵ | حکایت | ۲۹ |

**﴿جواب﴾**

حضرت عیسیٰ ؑ دنیا میں تشریف لاکر ہمارے نبی پاک ﷺ کی شریعت پر عمل کرینگے اس پر احادیث مبارکہ۔

(۱) حضرت عیسیٰ ؑ کے بارے میں حضور سرور عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ان عیسیٰ یقتل الخنزیر۔ بیشک حضرت عیسیٰ ؑ خنزیر کو قتل کریں گے۔

**شرح الحدیث:۔** اس حدیث میں دلیل ہے۔ کہ خنزیر کا قتل کرنا واجب ہے کیونکہ یہ نجس العین ہے اور عیسیٰ ؑ کا اسے قتل کرنا رسول اکرم ﷺ کی شریعت مبارکہ پر ہے اس لیے کہ ان کا نزول قرب قیامت میں ہوگا اور رسول اللہ ﷺ کی شریعت تا قیامت باقی ہے۔

**(فائدہ)** امام نووی علیہ الرحمۃ نے شرح صحیح مسلم میں لکھا کہ عیسیٰ ؑ کا نزول رسول اکرم ﷺ کی شریعت کو منسوخ کرنے کیلیے نہ ہوگا اور نہ ہی احادیث میں اسکا کوئی ذکر ہے بلکہ احادیث صحیحہ میں صریح ہے کہ وہ امام عادل ہوکر نزول فرمائیں گے اور رسول اکرم ﷺ کی شریعت پر احکام کا اجرا فرمائینگے۔ بلکہ وہ امور جو مرور زمانہ کیوجہ سے لوگوں نے ترک کردیے ہوں گے ان کا احیاء فرمائیں گے۔

(۲) رسول اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ینزل عیسیٰ بن مریم مصدقا لمحمد ﷺ وعلی ملته فیقتل الدجال ثم انما هو قیام الساعة

(رواہ احمد والبزار والطبرانی)





یعنی حضرت عیسیٰ ؑ نزول فرمائیں گے۔ رسول اکرم ﷺ کی تصدیق کرینگے۔ اور آپ ﷺ کی ملت پر ہوں گے اور دجال کو قتل کریں گے۔ اس کے بعد قیامت قائم ہوگی۔

(۳) رسول اکرم ﷺ نے فرمایا یلبث الدجال فیکم ما شأ الله ثم ینزل عیسیٰ بن مریم مصدقا لمحمد ﷺ و علی ملته اماما مهدیا و حکما عدلا فیقتل الدجال.

(رواہ الطبرانی فی الکبیر والبیہقی فی البعث بسند جید)

یعنی تمہارے میں دجال جتنا عرصہ "اللہ چاہے گا" ٹھہرے گا پھر عیسیٰ ؑ نازل ہونگے حضور ﷺ کی تصدیق کریں گے اور آپ کی ملت پر ہونگے امام ہدایت یافتہ اور حاکم عادل ہونگے پھر وہ دجال کو قتل کریں گے۔

(۴) حضرت ابوھریرہ ؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ینزل عیسیٰ بن مریم فیؤ مهم فاذا رفع من الرکعة قال سمع الله لمن حمده قتل الله الدجال واظهر المؤمنین (رواہ ابن حبان فی صحیحہ)

یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوکر موجودہ لوگوں کی نماز کی امامت کرینگے جب سر رکوع سے اٹھائیں گے تو کہیں گے اللہ نے حمد سن لی اور اللہ نے دجال کو قتل کردیا اور اہل ایمان کو غلبہ دے دیا۔

**(شرح الحدیث)** حضرت عیسیٰ ؑ اس دن نماز میں سمع الله لمن